Southwestern Ontario Student
Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

مئی 2026

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز
2026-2027 سال کے لیے اسکول بس کی رجسٹریشن

اگلے تعلیمی سال کے لیے بس کی رجسٹریشن اب شروع ہو گئی ہے !
طلباء کے لیے بس سروس کو زیادہ مؤثر طریقے سے شیڈول کرنے کے لیے، ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (ایس ٹی ایس) (Southwestern Ontario Student Transportation Services (STS) کی طرف سے **ان طلباء کے لیے جو بس سروس کے اہل ہیں، سالانہ لازمی ٹرانسپورٹیشن رجسٹریشن کا طریقہ کار موجود ہے۔**

15 جولائی سے پہلے رجسٹر کرنے کے لیے یہاں کلک کریں: 2026-2027 بس ریجسٹریشن فارم (Bus 2026-2027 Registration Form)

اپنے طالب علم کی شناخت (Student ID) کو جانیں:
رجسٹر کرنے سے پہلے، دیکھ بھال کرنے والوں کو یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ وہ طالب علم کا شناختی نمبر (Student ID number) جانتے ہیں جو اسکول کے دفتر سے رابطہ کرنے پر یا اسکول کے پیرنٹ پورٹل (Parent Portal) پر دستیاب ہے۔

رجسٹریشن کی آخری تاریخ:
نقل و حمل کی درخواستیں 15 جولائی، 2026 کو بند کر دی جائیں گی تاکہ اسکول شروع ہونے سے پہلے راستوں کو حتمی شکل دی جا سکے۔ نگہداشت کرنے والے جو 15 جولائی کے بعد بس کے لیے رجسٹر کراتے ہیں، انہیں تاخیر کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے اور ہو سکتا ہے کہ اسکول کے آغاز کے لیے ٹرانسپورٹیشن مہیا نہ ہو۔

آپ کو اگلے سال بس سروس کی ضرورت نہیں ہے:
کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے۔ اسکول بس سروس ایک مشترکہ سواری کا ماحول ہے، جس میں ایک سے زیادہ طلباء پورس دن کے دورانیے میں جگہ کا استعمال کرتے ہیں۔ ہوسکتا ہے کہ کچھ دیکھ بھال کرنے والے ذاتی وجوہات کی بناء پر بس سروس استعمال نہیں کرنا چاہیں۔ **اگر آپ بس سروس استعمال نہیں کر رہے ہیں، تو آپ کو رجسٹر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔**
ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے حالات بدل سکتے ہیں، اگر ایسا ہو، تو براہ کرم اُس وقت رجسٹریشن فارم پُر کریں۔

ایس ٹی ایس پیرنٹ پورٹل (STS Parent Portal) :

پورٹل اگست کے آخر میں ان تمام دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے کھلتا ہے جنہوں نے اسکول بس کے لیے رجسٹر کرایا ہے۔
پورٹل پر آپ کو بس کے سفرکی تفصیلات (بس کا نمبر، بس اسٹاپ کے مقامات، اوقات، وغیرہ) ملیں گے۔ پیرنٹ پورٹل کو سیٹ اپ کرنے اور لاگ ان کرنے کے طریقے کی ہدایات ہماری ویب سائٹ پر یہاں مل سکتی ہیں :
https://www.mybigyellowbus.ca/parent-portal/

Southwestern Ontario Student
Transportation Services
mybigyellowbus.ca
Tel No: (519) 649 1160

اکثر پوچھے گئے سوالات:

ہم سمجھتے ہیں کہ آپ کے سوالات ہوں گے؛ ہم آپ کی مدد کے لیے یہاں موجود ہیں!

- اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے لیے ہمارا ہیلپ پیج (Help Page) دیکھیں۔
- ہم سے رابطہ کریں (Contact Us) کے فارم کا استعمال کرتے ہوئے ہمیں ایک پیغام بھیجیں
- ہماری رجسٹریشن کی ہاٹ لائن 519-649-1160 پر کال کریں
- اسکول بس سیفٹی کے وسائل (School Bus Safety Resources) STS کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
- بس ڈرائیورز آپ کی کمیونٹی کا ایک اہم حصہ ہیں۔ اگر آپ یا آپ کا کوئی جاننے والا آپ کے علاقے میں ڈرائیور بننے میں دلچسپی رکھتا ہے، تو مزید جاننے کے لیے Our Become A Driver webpage ویب پیج پر جائیں۔

شکریہ،

My BIG YELLOW BUS.ca

ساؤتھ ویسٹرن اونٹاریو اسٹوڈنٹ ٹرانسپورٹیشن سروسز (Southwestern Ontario Student Transportation Services)
www.mybigyellowbus.ca